روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 30 مئی 2011ء 26 جمادی الثانی 1432 ہجری 30 ہجرت 1390 ھش جلد 61-96 نمبر 122

آسمانی چراغ

اور یقیناً ہم نے نزدیک کے آسمان کو چراغوں سے زینت بخشی اور انہیں شیطانوں کو دھتکارنے کا ذریعہ بنایا اور ان کے لئے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کیا۔ (سورۃ الملک آیت 6)

اور ہم نے دنیا کے آسمان کو چراغوں اور حفاظت کے سامانوں کے ساتھ مزین کیا۔ یہ کامل غلبہ والے (اور) صاحب علم کی تقدیر ہے۔ (سورۃ حٰم السجدہ آیت 13)

یقیناً ہم نے نزدیک کے آسمان کو ستاروں کے ذریعہ ایک زینت بخشی۔ (سورۃ الصافات آیت 7)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک جگہ فرماتا ہے ان ربکم اللہ الذی .... (ترجمہ) تمہارا پروردگار وہ خدا ہے جس نے زمین وآسمان کو چھ ۶ دن میں پیدا کیا پھر اس نے عرش پر قرار پکڑا یعنی اس نے زمین وآسمان اور جو کچھ ان میں ہے پیدا کر کے اور تشبیہی صفات کا ظہور فرما کر پھر تنزیہی صفات کے ثابت کرنے کے لئے مقام تنزہ اور تجرد کی طرف رخ کیا جو وراء الوراء مقام اور مخلوق کے قرب وجوار سے دور تر ہے وہی بلند تر مقام ہے جس کو عرش کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ تشریح اس کی یہ ہے کہ پہلے تو تمام مخلوق حیز عدم میں تھی اور خدا تعالیٰ وراء الوراء مقام میں اپنی تجلیات ظاہر کر رہا تھا جس کا نام عرش ہے یعنی وہ مقام جو ہر ایک عالم سے بلند تر اور برتر ہے اور اسی کا ظہور اور پرتو تھا اور اس کی ذات کے سوا کچھ نہ تھا۔ پھر اس نے زمین و آسمان اور جو کچھ ان میں ہے پیدا کیا اور جب مخلوق ظاہر ہوئی تو پھر اس نے اپنے تئیں مخفی کر لیا اور چاہا کہ وہ ان مصنوعات کے ذریعہ سے شناخت کیا جائے۔ مگر یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ دائمی طور پر تعطل صفات الٰہیہ کبھی نہیں ہوتا اور بجز خدا کے کسی چیز کے لئے قدامت شخصی تو نہیں مگر قدامت نوعی ضروری ہے اور خدا کی کسی صفت کے لئے تعطل دائمی تو نہیں مگر تعطل میعادی کا ہونا ضروری ہے اور چونکہ صفت ایجاد اور صفت افناء باہم متضاد ہیں اس لئے جب افناء کی صفت کا ایک کامل دور آ جاتا ہے تو صفت ایجاد ایک میعاد تک معطل رہتی ہے۔ غرض ابتدا میں خدا کی صفت وحدت کا دور تھا اور ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس دور نے کتنی دفعہ ظہور کیا بلکہ یہ دور قدیم اور غیر متناہی ہے بہرحال صفت وحدت کے دور کو دوسری صفات پر تقدم زمانی ہے پس اسی بنا پر کہا جاتا ہے کہ ابتدا میں خدا اکیلا تھا اور اس کے ساتھ کوئی نہ تھا اور پھر خدا نے زمین وآسمان کو اور جو کچھ ان میں ہے پیدا کیا اور اسی تعلق کی وجہ سے اس نے اپنے یہ اسماء ظاہر کئے کہ وہ کریم اور رحیم ہے اور غفور اور توبہ قبول کرنے والا ہے مگر جو شخص گناہ پر اصرار کرے اور باز نہ آوے اس کو وہ بے سزا نہیں چھوڑتا اور اس نے اپنا یہ اسم بھی ظاہر کیا کہ وہ توبہ کرنے والوں سے پیار کرتا ہے اور اس کا غضب صرف انہیں لوگوں پر بھڑکتا ہے جو ظلم اور شرارت اور معصیت سے باز نہیں آتے اور اس نے اپنی یہ صفات اپنی کتاب میں بیان فرمائیں کہ وہ دیکھتا ہے اور سنتا ہے اور محبت کرتا ہے اور غضب کرتا ہے اور اپنے ہاتھ اور پیر اور آنکھ اور کان کا بھی ذکر کیا مگر ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اس کا دیکھنا انسان کے دیکھنے کی طرح نہیں اور اس کا سننا انسان کے سننے کی طرح نہیں اور اس کا محبت کرنا انسان کے محبت کرنے کی طرح نہیں اور اس کا غضب انسان کے غضب کی طرح نہیں اور اس کے ہاتھ پیر اور آنکھ کان مخلوق کے اعضاء کی طرح نہیں بلکہ وہ ہر ایک بات میں بے مثل ہے اور بار بار صاف فرمادیا کہ یہ اس کی تمام صفات اس کی ذات کے مناسب حال ہیں انسان کی صفات کی مانند نہیں اور اس کی آنکھ وغیرہ جسم اور جسمانی نہیں اور اس کی کسی صفت کو انسان کی کسی صفت سے مشابہت نہیں۔

(چشمہ معرفت ۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 274)

انعامی وظیفہ اطفال

۞ سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے بطور نائب صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ اطفال میں دینی معلومات کا ذوق پیدا کرنے کیلئے ایک انعامی وظیفہ کا اجراء فرمایا تھا جو سالانہ اجتماع اطفال پر منعقد ہوتا تھا۔ یہ مقابلے 1983ء یعنی آخری منعقدہ سالانہ اجتماع تک جاری رہے جس کے بعد اس میں تعطل آ گیا۔ اب جب کہ علمی ریلی اطفال کا انعقاد باقاعدگی سے ہو رہا ہے، مجلس انصاراللہ پاکستان نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت بابرکت میں اس انعامی مقابلہ کے احیاء کی درخواست کی تھی جو ازراہ شفقت واحسان حضور نے منظور فرمالی ہے اس مقابلہ میں اول کو بارہ ہزار روپے اور دوم کو چھ ہزار روپے نقد دیئے جائیں گے۔

نصاب

☆ کامیابی کی راہیں ہر چار حصص
☆ نصاب واقفین نو
☆ مختصر تاریخ احمدیت:
مرتبہ شیخ خورشید احمد صاحب
☆ کتابچہ ''دینی معلومات''
شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان
☆ کتابچہ ''معلومات''
شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان
☆ ''ہمارا آقا''
ازمکرم شیخ محمد اسماعیل صاحب پانی پتی
☆ خلفائے راشدین اور خلفاء احمدیت کی سیرت وسوانح پر مشتمل کتابچے
شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

یہ مقابلہ سالانہ علمی ریلی اطفال کے موقع پر منعقد ہوگا۔ یہ مقابلہ دو حصوں پر مشتمل ہوگا (i) تحریری (ii) زبانی اطفال سے درخواست ہے کہ ابھی سے اس مقابلہ میں شرکت کیلئے بھرپور تیاری شروع کر دیں۔

(قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

مشعل راہ

عہدوں اور وعدوں کا پاس رکھنا چاہئے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ خطبہ جمعہ 27 فروری 2004ء میں فرماتے ہیں۔

آج کل کے معاشرے میں ایک یہ بھی بیماری عام ہے کہ بات کرو تو مکر جاؤ، وعدہ کرو تو اسے پورا کرنے میں ٹال مٹول سے کام لو، جب کوئی عہد کرو تو اس کو توڑنے کے بہانے تلاش کرو کیونکہ دوسری طرف بہتر مفاد نظر آ رہا ہوتا ہے۔ اور یہ باتیں انفرادی طور پر بھی اور جہاں پانچ دس افراد اکٹھے مل کر کام کر رہے ہوں، کوئی مشترکہ کاروبار ہو وہاں بھی۔ اور بدقسمتی سے ملک ملک سے بھی جب معاہدے کرتے ہیں تو بدعہدی اور زیادتی کر رہے ہوتے ہیں۔ خاص طور پر جب کسی امیر ملک اور غریب ملک میں کوئی معاہدہ ہو تو بعض دفعہ اپنے مفاد منوانے کی خاطر دباؤ ڈالتے ہیں اور اگر دباؤ میں آنے سے کوئی انکاری ہو تو پھر معاہدوں میں بدعہدیاں شروع ہو جاتی ہیں تو بہرحال یہ ایک ایسی برائی ہے جو شخصی معاہدوں سے لے کر بین الاقوامی معاہدوں تک حاوی ہے، سب تک پھیلی ہوئی ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ ہم سے کیا چاہتا ہے۔ فرمایا اگر تم میری محبت چاہتے ہو، یہ چاہتے ہو کہ میں تم سے راضی رہوں، یہ چاہتے ہو کہ میں تمہاری دعاؤں کو سنوں تو تقویٰ اختیار کرو، مجھ سے ڈرو، میری تعلیم پر عمل کرو۔ اور تعلیم میں سے بھی ایک بہت اہم تعلیم اپنے عہد کو پورا کرنا ہے، اپنے وعدوں کا پاس رکھنا ہے۔ تو قرآن کریم نے مختلف پیرایوں میں، مختلف حالات میں عہد کی جو صورتیں ہو سکتی ہیں ان پر روشنی ڈالی ہے۔ فرماتا ہے کہ نیکیاں قائم کرنے کے لئے حقوق اللہ اور حقوق العباد بھی ادا کرو اور ان کو ادا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے کئے گئے عہد کو بھی پورا کرو اور بندوں سے کئے گئے معاہدوں اور وعدوں پر بھی عملدرآمد کرو۔

امام رازی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں ﴿اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ﴾ خداوند تعالیٰ کے اس حکم کے مشابہ ہے کہ ...... اور اس قول میں تمام عقد مثلاً عقد بیع، عقد شرکت، عقد یمین، عقد نذر، عقد صلح اور عقد نکاح وغیرہ سب شامل ہیں۔ تو کہتے ہیں کہ خلاصہ یہ کہ اس آیت کا منشاء یہ ہے کہ دو انسانوں کے درمیان جو بھی عقد ہو اور جو عہد قرار پائے اس کے مطابق دونوں پر اس کا پورا کرنا واجب ہے۔

(تفسیر کبیر رازی جلد 5 صفحہ 505)

اب دیکھیں آج کل کیا ہوتا ہے۔ بہت سے جھگڑے اس بات پر ہو رہے ہوتے ہیں کہ فروخت کرنے والا کہتا ہے کہ میں نے فلاں چیز اتنی تعداد میں دی یا اگر زمین کا معاملہ ہے تو اتنا رقبہ دیا ہے اور معاہدے میں اتنا ہی لکھا ہوتا ہے لیکن اصل میں موقع پر کچھ اور ہوتا ہے۔ اب بیچنے والا اپنے اس عمل کی وجہ سے اس سودے میں بدعہدی کا مرتکب ہو رہا ہوتا ہے اور جھگڑے ہوتے ہیں پھر جھگڑے قضا میں جاتے ہیں، عدالتوں اور پولیس میں جاتے ہیں، کیس بن رہے ہوتے ہیں، تو ایک فریق تو بدعہدی کا مرتکب ہو رہا ہوتا ہے اور دوسرا بے صبری اور کم حوصلگی کا۔ پھر جیسا کہ امام رازی نے لکھا ہے، کاروبار میں شراکت داریاں ہیں اس میں بھی عہد کی پابندی کی ضرورت ہے، معاہدے ہوتے ہیں جس میں جس کا جتنا جتنا حصہ ہو جتنا جتنا شیئر (Share) ہو اس کے مطابق کاروبار ہوگا۔ پھر یہ کہ کس نے کیا کام کرنا ہے کس نے کتنا سرمایہ لگانا ہے وغیرہ وغیرہ۔ لیکن اگر کسی فریق میں بھی کوئی بدنیتی پیدا ہو جائے تو پھر اس کے ساتھ ہی بدعہدی بھی شروع ہو جاتی ہے۔ معاہدے بھی ٹوٹنے شروع ہو جاتے ہیں۔ اور پھر جھگڑے شروع ہوتے ہیں۔ ان میں خاندانوں کے خاندان اس طرح اجڑ رہے ہوتے ہیں۔

(روزنامہ الفضل 11 مئی 2004ء)

اسیران رہ مولا

سلاسل کی کٹھن گھڑیاں گزاری کس ادا کے ساتھ
وفا سے، عجز سے، ہمت سے۔ تائید اللہ کے ساتھ
نہ پاؤں میں کوئی لغزش نہ ہونٹوں پر کوئی شکوہ
ہوا کا رُخ بدل ڈالا ہے تاثیر دُعا کے ساتھ
وفا کی پتلیاں ہیں یہ اسیران رہ مولا
ضیاء کی مشعلیں ہیں یہ اسیران رہ مولا

سزا کی سختیاں جھیلیں تری راہ محبت میں
جزاء کی منتیں کی اپنے مولا سے عبادت میں
عُدو چھوڑا محبت بانٹ دی تیری اطاعت میں
دل پژمردہ بھی مسرور تھا تیری امامت میں
بلندی پر کھڑے ہیں یہ اسیران رہ مولا
اور قامت میں بڑے ہیں یہ اسیران رہ مولا

تمہیں ہے ناز طاقت پر ہمیں جھکنے کی عادت ہے
جو ہم پر ظلم ڈھاتے ہو انہیں سہنے کی ہمت ہے
ہمیں تو گالیاں سن کر دعا دینے سے رغبت ہے
کہ ہم کو خاکِ پائے احمدؐ یثرب سے نسبت ہے
تری منشا پہ راضی ہیں اسیران رہ مولا
یہ انصاری الی اللہ ہیں اسیران رہ مولا

مرے مولا انہیں اپنی حفاظت میں سدا رکھنا
ہو ان پہ فضل تیرا رحمت و جودوسخا رکھنا
بڑھیں، پھولیں، پھلیں ان پر کرم کی تو نگاہ رکھنا
ہر اک شر سے ہر اک تکلیف سے ان کو بچا رکھنا
بقا کی منزلیں ہیں یہ اسیران رہ مولا
دعا کی رفعتیں ہیں یہ اسیران رہ مولا

مجید قریشی

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم راجہ بصیر احمد ابصار صاحب

نظام خلافت اور نظام وصیت

خلافت احمدیہ اور نظام وصیت میں ایک مضبوط نہ ٹوٹنے والا تعلق موجود ہے

انسان کا مقصد پیدائش

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں انسان کی پیدائش کا مقصد اس طرح بیان فرمایا ہے:۔

’’اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے‘‘۔

(سورۃ الذٰریٰت، آیت 57)

اسی مضمون کے مقاصد میں اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں مزید فرماتا ہے:

’’کہ میں دنیا میں ایک ایسی مخلوق پیدا کرنے لگا ہوں جو میری نمائندہ بن کر اپنی پیدائش کے (مندرجہ بالا) مقاصد کو پورا کرے گی‘‘۔

(سورۃ بقرۃ، آیت 31)

گویا اصل مقصد کی تکمیل کے لئے ایک نظام بھی جاری فرمادیا جسے خلافت کا نام دیا گیا۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’دراصل آدم کو جو خلیفہ بنایا گیا تو اس میں یہ حکمت بھی تھی کہ وہ اس مخلوقات سے اپنے منشاء کا خدا تعالیٰ کی رضامندی کے موافق کام لے اور جن پر اس کا تصرف نہیں وہ خدا تعالیٰ کے حکم سے انسان کے کام میں لگے ہوئے ہیں۔ سورج، چاند، ستارے وغیرہ‘‘۔

(ملفوظات جلد پنجم، صفحہ 213)

احادیث نبویہ اور بائبل کے مطابق اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی شکل پر پیدا فرمایا ہے۔ جیسے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے۔

(مسند احمد بن حنبل، جلد دوم، صفحہ 323)

اللہ تعالیٰ کی کوئی مادی شکل نہیں ہے۔ اس لئے اس سے یہی مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو صفات الٰہیہ سے متصف ہونے کے لئے پیدا فرمایا ہے۔ اسی کی طرف قرآنی آیت

صبغۃ اللہ ......

(سورۃ البقرۃ، آیت 139)

میں بھی اشارہ ہے۔ پس انسان بالخصوص کامل انسان اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اسی مقصد کے حصول کے لئے بطور نمائندہ اسے نور نبوت عطا فرمایا اور اسے خلیفہ کے لقب سے بھی نوازا۔ سب سے پہلے اپنے فرستادہ اور نبی کو ہی خلیفہ کا لقب اس لئے عطا فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا صحیح جانشین اور نمائندہ اپنے وقت میں نبی ہی ہوتا ہے کیونکہ وہ اس وقت انسانیت کی صحیح تصویر پیش کر رہا ہوتا ہے، یعنی زمانے اور ضرورت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی صفات کا جلوہ اپنے اپنے وقت پر انبیاء کے ذریعہ سے ظہور میں آتا ہے۔ حضرت مصلح موعود، خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

آدم انسانیت کا پہلا کامل مظہر تھا اور دوسرے انسانوں کو اپنے نقش قدم پر چلانے کے لئے بھیجا گیا تھا۔ معلوم ہوا کہ سب انسان ہی خلیفۃ اللہ ہونے کی قدرت رکھتے ہیں اور اس کی صفات اپنے اندر پیدا کر سکتے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ وہ اس مقدرت کو ظاہر کریں یا نہ کریں۔

(تفسیر کبیر، جلد اول، صفحہ 304-303)

خلیفۃ اللہ کا ظہور

خالق کائنات اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور بنی نوع انسان کی ہدایت کے لئے اس کی سنت مستمرہ کچھ اس طرح جاری ہے کہ ظلمت وتاریکی کے گھٹاٹوپ اندھیروں میں وہ اپنے برگزیدہ بندوں کو نبوت و رسالت کا تاج پہنا کر قندیل ہدایت کے طور پر مبعوث کرتا ہے۔ ان انبیاء کے ذریعہ خدائی پیغام ہدایت کی تخم ریزی ہوتی ہے اور شجر ہدایت پروان چڑھنے لگتا ہے۔ ان رسولوں اور نبیوں کی بعثت دراصل اللہ تعالیٰ کی قدرت اولیٰ کا ظہور ہوتا ہے۔ اصطلاحاً ان کو خلیفۃ اللہ کہا جاتا ہے۔ قرآن مجید میں حضرت آدمؑ اور حضرت داؤدؑ کے بارہ میں معین طور پر یہ الفاظ ملتے ہیں۔ یہ مقام درحقیقت اللہ تعالیٰ کے ہر نبی کو عطا کیا جاتا ہے۔

عمیق حکمتوں کے مالک خدا نے ازل سے یہ طریق جاری کیا ہے کہ جب بھی نبی یا رسول کے دنیا سے رخصت ہونے کا وقت آتا ہے تو اس کے کسی قدر ناتمام کام کو مکمل کرنے کے لئے، اس کے لگائے ہوئے باغ کی مسلسل آبیاری اور نگہداشت کے لئے اور اسے ترقی دے کر اس کے انتہائی نقطہ کمال تک پہنچانے کے لئے ایک بار پھر اپنی قدرت کا کرشمہ دنیا کو دکھاتا ہے۔ یہ اس کی قدرت ثانیہ کا ظہور ہوتا ہے۔ اللہ کی راہنمائی میں مومنین اپنے میں سے کسی ایک خدا کے بندے کا انتخاب کرتے ہیں جو دراصل خدا کا انتخاب ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے اذن سے اس منتخب بندہ کے سر پر خلافت کا تاج رکھا جاتا ہے۔ اسے اصطلاحاً خلیفۃ الرسول کہا جاتا ہے۔ جماعت کا یہ روحانی سربراہ نبی کے بعد اس کے جاری کردہ کام کو آگے سے آگے بڑھانے اور پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے سایہ میں کام کرتا ہے اور اس کی وفات پر یہ سلسلہ آگے سے آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔

خلیفۃ اللہ کی خدائی مدد و نصرت

حضرت مسیح موعود اس بارہ میں فرماتے ہیں:

’’یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے۔ کتب اللہ ......(سورۃ المجادلہ، آیت 22) خدا نے لکھ رکھا ہے کہ وہ اور اس کے نبی غالب رہیں گے اور غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کر سکے اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہیں کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے، مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن اور تشنیع کا موقع دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔ غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے۔ (1) اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے۔ (2) دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں۔ تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس جو اخیر تک صبر کرتا ہے، خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے‘‘۔

(رسالہ الوصیۃ، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 304)

نبوت وخلافت میں نسبت

نبوت وخلافت میں وہی نسبت اور تعلق ہوتا ہے جو سورج اور چاند میں ہے۔ نبوت روشنی کا اصل منبع اور مصدر ہے اور خلافت اسی منبع نور سے اکتساب کرتے ہوئے اس نور کو دنیا میں پھیلانے کا ذریعہ ہے۔ نبوت کے ذریعہ آسمانی ہدایت اور پیغام کی تخم ریزی ہوتی ہے اور خلافت اس کشت ایمان کی مزید آبیاری کرتے ہوئے نور نبوت کے فیضان کو آگے سے آگے بڑھانے کا وسیلہ بن جاتی ہے۔

نبوت اور خلافت میں فرق

حضرت مصلح موعود نبوت اور خلافت کا فرق اس طرح فرماتے ہیں:۔

’’نبوت اور خلافت میں یہ عظیم الشان فرق بتایا کہ نبوت تو اس وقت آتی ہے جب دنیا خرابی اور فساد سے بھر جاتی ہے جیسے فرمایا ظہر الفساد ......(سورۃ روم، آیت 42) یعنی جب بر اور بحر میں فساد واقع ہو جاتا ہے۔ لوگ خدا تعالیٰ کو بھول جاتے ہیں۔ الٰہی احکام سے اپنا منہ موڑ لیتے ہیں۔ ضلالت اور گمراہی میں گرفتار ہو جاتے ہیں اور تاریکی زمین کے چپہ چپہ کا احاطہ کر لیتی ہے تو اس وقت لوگوں کی اصلاح کے لئے خدا تعالیٰ کسی نبی کو بھیجتا ہے جو پھر آسمان سے نور ایمان کو واپس ملاتا اور ان کو سچے دین پر قائم کرتا ہے۔ لیکن خلافت اس وقت آتی ہے جب قوم میں اکثریت مومنوں اور عمل صالح کرنے والوں کی ہوتی ہے اور خلیفہ لوگوں کو عقائد میں مضبوط کرنے کے لئے نہیں آتا بلکہ تنظیم کو مکمل کرنے کے لئے آتا ہے۔ گویا نبوت تو ایمان اور عمل صالح کے مٹ جانے پر آتی ہے اور خلافت اس وقت آتی ہے جب قریباً تمام کے تمام لوگ ایمان اور عمل صالح پر قائم ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خلافت اسی وقت شروع ہوتی ہے جب نبوت ختم ہوتی ہے، کیونکہ نبوت کے ذریعہ ایمان اور عمل صالح قائم ہو چکا ہوتا ہے اور چونکہ اکثریت ان لوگوں کی ہوتی ہے جو ایمان اور عمل صالح پر قائم ہوتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ اپنی خلافت کی نعمت عطاء فرما دیتا ہے اور درمیانی زمانہ جبکہ نہ تو دنیا نیکوکاروں سے خالی ہو اور نہ بدی سے پر ہو، دونوں سے محروم رہتا ہے، کیونکہ نہ تو بیماری شدید ہوتی ہے کہ نبی آئے اور نہ تندرستی کامل ہوتی ہے کہ ان سے کام لینے والا خلیفہ آئے‘‘۔

(تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 375)

اللہ تعالیٰ نے آیت استخلاف میں بھی خلافت کے لئے اسی شرط کو وضاحت سے فرمایا ہے:

وعد اللہ الذین امنوا ......

(سورۃ نور، آیت 56)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تم میں سے مومنوں اور مناسب حال عمل کرنے والوں سے وعدہ کرتا ہے کہ ضرور ان کو بھی زمین میں اسی طرح خلیفہ بنائے گا جس طرح ان سے پہلوں کو خلیفہ بنایا تھا اور ضرور ان کے لئے ان کے اس دین کو جس کو اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے، مضبوطی سے قائم کرے گا اور ان کے خوف کے بعد امن کی حالت پیدا کر دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے

اور کسی چیز کو میرا شریک نہ بنائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی کفر کریں گے، وہ نافرمان قرار دیئے جائیں گے۔

خلافت کے لئے پہلی شرط

اللہ تعالیٰ نے یہاں پر خلافت کے لئے پہلی شرط یہ رکھی ہے کہ خلافت کے لئے مومنوں اور صالحین کا گروہ موجود ہونا ضروری ہے۔ حضرت مصلح موعود ایک انتباہ کے ساتھ اس کی وضاحت اس طرح فرماتے ہیں:

''خلافت کا فقدان کسی خلیفہ کے نقص کی وجہ سے نہیں بلکہ جماعت کے نقص کی وجہ سے ہوتا ہے اور خلافت کا مٹنا خلیفہ کے گنہگار ہونے کی دلیل نہیں بلکہ (-) کے گنہگار ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کا یہ صریح وعدہ ہے کہ وہ اس وقت تک خلیفہ بناتا چلا جائے گا جب تک جماعت میں مومنوں اور عمل صالح کرنے والوں کی اکثریت رہے گی۔ جب اس میں فرق پڑ جائے گا اور اکثریت مومنوں اور عمل صالح کرنے والوں کی نہیں رہے گی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ اب چونکہ تم خود بدعمل ہو گئے ہو اس لئے میں اپنی نعمت تم سے چھین لیتا ہوں (گو خدا چاہے تو بطور احسان ایک عرصہ تک پھر بھی جماعت میں خلفاء بھجواتا رہے) پس وہ شخص جو یہ کہتا ہے کہ خلیفہ خراب ہو گیا ہے وہ بالفاظ دیگر اس امر کا اعلان کرتا ہے کہ جماعت کی اکثریت ایمان اور عمل صالح سے محروم ہو چکی ہے۔ کیونکہ خدا کا یہ وعدہ ہے کہ جب تک (-) ایمان اور عمل صالح پر قائم رہے گی اس میں خلفاء آتے رہیں گے اور جب وہ اس سے محروم ہو جائے گی تو خلفاء کا آنا بھی بند ہو جائے گا۔ پس خلیفہ کے بگڑنے کا کوئی امکان نہیں۔ ہاں اس بات کا ہر وقت امکان ہوسکتا ہے کہ جماعت کی اکثریت ایمان اور عمل صالح سے محروم نہ ہو جائے''۔ (تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 375)

خلافت احمدیہ کا نظام وصیت سے گہرا تعلق

حضرت مسیح موعود نے خلافت احمدیہ کو نظام وصیت کے ساتھ رسالہ الوصیة میں بیان فرمایا ہے۔ یہ اس بات کی طرف بہت واضح اشارہ ہے کہ نظام خلافت اور نظام وصیت کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ حضور نظام خلافت کے بارے میں فرماتے ہیں:

''سواے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ اور وہ دوسری قدرت آنہیں سکتی جب تک میں نہ جاؤں۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔ وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے۔ وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔ میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے''۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 306-305)

حضرت مسیح موعود نے نظام وصیت کے اجراء پر اس کی غرض و غایت اس طرح بیان فرمائی:

''میں یہ نہیں چاہتا کہ تم سے کوئی مال لوں اور اپنے قبضہ میں کر لوں، بلکہ تم اشاعت دین کے لئے ایک انجمن کے حوالہ اپنا مال کرو گے اور بہشتی زندگی پاؤ گے''۔

(رسالہ الوصیة، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 329)

نظام وصیت میں شامل ہونے والوں کے لئے دعا اور بشارت

حضرت مسیح موعود نے نظام وصیت میں شامل ہونے والوں کے لئے دعا بھی فرمائی۔ فرمایا:

''میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنا دے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خواب گاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی اور (-) وفاداری اور صدق کا نمونہ دکھلایا۔ آمین یارب العالمین''۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 316)

اس دعا کے بعد آپ نے یہ بشارت عطا فرمائی ہے:۔

''اور چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ (-) یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں''۔

(رسالہ الوصیة، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 318)

حضور کی ان مذکورہ عبارات کو اگر قرآن کریم کی درج ذیل آیات کی روشنی میں دیکھا جائے:

اے نفس مطمئنہ! اپنے رب کی طرف لوٹ آ (اس حال میں کہ تو اسے) پسند کرنے والا بھی ہے اور اس کا پسندیدہ بھی۔ پھر (تیرا رب تجھے کہتا ہے کہ) آ میرے (خاص) بندوں میں داخل ہو جا اور (آ) میری جنت میں بھی داخل ہو جا۔

(سورۃ الفجر، آیات 28 تا 31)

تو ہر ایک بآسانی سمجھ سکتا ہے کہ یہی اوصاف اور خصوصیات مومنین اور صالحین کی ہوتی ہیں۔ اب اگر نظام وصیت پر غور کیا جائے تو یہ نتیجہ نکالنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آسکتی کہ حضرت مسیح موعود نے خلافت احمدیہ کی بشارت اور پیشگوئی فرماتے ہوئے خلافت کے مستقل قیام اور حفاظت کا انتظام بھی فرما دیا اور نظام وصیت جاری فرمایا جس کے ذریعہ ہمیشہ اور ہر دور میں مخلصین اور مومنین کی ایک جماعت پیدا ہوتی رہے گی اور خلافت احمدیہ انشاء اللہ ہمیشہ دنیا کی بقاء اور سلامتی کا موجب بنی رہے گی۔

یہ صرف کوئی زبانی یا منطقی نتیجہ ہی نہیں ہے بلکہ خدا تعالیٰ کی فعلی شہادت بھی اس کا ثبوت مہیا کر رہی ہے کہ خلافت احمدیہ اور نظام وصیت میں ایک مضبوط نہ ٹوٹنے والا تعلق موجود ہے۔

آج حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بھی اسی امر کے پیش نظر بار بار جماعت کو نظام وصیت کے بارے میں متوجہ فرما رہے ہیں اور اپنی دلی خواہش کا اظہار بھی فرما چکے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں:

''میری یہ خواہش ہے اور میں یہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ اس آسمانی نظام میں، اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے، اپنی نسلوں کی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے شامل ہوں''۔

(اختتامی خطاب جلسہ سالانہ برطانیہ، فرمودہ یکم اگست 2004ء)

پھر اپنے ایک اور پیغام میں اس کے متعلق فرمایا:

''میرا تمام دنیا کے احمدیوں کے لئے یہ پیغام ہے کہ حضرت مسیح موعود کے ان ارشادات کی روشنی میں، آپ کی خواہشات کے تابع، آگے بڑھیں اور مالی قربانی کے اس نظام میں شامل ہو جائیں۔ اپنی اصلاح کی خاطر اور اپنے انجام بالخیر کی خاطر اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے قدم آگے بڑھائیں اور اس کی جنتوں کے وارث بنیں''۔

(الفضل انٹرنیشنل لندن، 29 جولائی 2005ء)

لفظوں کی روزی

روز آتے رہیں یونہی سکرین پر روز یونہی مجھے آپ ملتے رہیں
میری ویران بزم سُخن میں یونہی لفظ واظہار کے پھول کِھلتے رہیں

میرے صحنِ چمن میں اُترتی رہے ساتھ خوشبو کے حسن بیاں کی صبا
یوں زرِفکر کے سکّے گرتے رہیں میرے محبوب کے ہونٹ ہلتے رہیں

میری تخلیق کے ننھے ننھے پرندوں پہ لفظوں کی روزی اُترتی رہے
پھر یہ کمزور اور ناتواں قافلے منزلوں کی طرف یونہی ٹہلتے رہیں

خوف اور خامشی کی کڑی دھوپ میں کس کو چاک گریباں کا تھا ہوش تک
روز یونہی جو وہ مسکراتے رہیں چاک سینوں کے اپنے بھی سلتے رہیں

تشنہ تشنہ سوالوں کے خوابوں کو قدسیؔ جو تعبیر کی بھیک ملتی رہے
اور اڑے ہیں جو گرد تعصب میں معصوم چہرے خوشی سے وہ کھلتے رہیں

عبدالکریم قدسیؔ

مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خاں صاحب

حاصل مطالعہ

اخبارات و رسائل کے مفید اقتباسات

مسجدوں سے

جاوید چودھری اپنے کالم زیرو پوائنٹ میں لکھتے ہیں۔

مسجد کی دہلیز سے لے کر صحن تک جوتے بکھرے ہوئے تھے، یہ جوتے گھسے ہوئے بھی تھے، گندے بھی تھے، بے ترتیب بھی تھے اور لوگ ان پر پاؤں رکھ کر بھی آ جا رہے تھے، دہلیز سے صحن تک مٹی، گرد اور گندگی بھی دکھائی دے رہی تھی، وضو خانے کا فرش گیلا تھا، فرش کے قالین سے بو آ رہی تھی اور وضو کرنے والے حضرات دور دور تک چھینٹے بھی اڑا رہے تھے اور ان کی چھینکیں، ناک صاف کرنے کی آوازیں، کھانسی کھنگار اور شوں شوں بھی ماحول کو متاثر کر رہی تھی، صفوں پر گرد تھی، دریوں سے ہلکی ہلکی باس اٹھ رہی تھی، مسجد کی کھڑکیوں پر مٹی کی تہہ جمی تھی، پنکھوں کے پر کالے ہو چکے تھے، مولوی صاحب کا لہجہ بھی سخت تھا اور نمازی بھی بار بار جمائیاں لے رہے تھے، دائیں بائیں دیکھ رہے تھے اور اپنے اپنے موبائل کے ساتھ کھیل رہے تھے، میں چپ چاپ ان کے درمیان بیٹھ گیا، نماز کا وقت ڈیڑھ بجے تھا، ایک بج کر چالیس منٹ ہو چکے تھے لیکن نماز کے آثار دکھائی نہیں دے رہے تھے، مولوی صاحب پرانے قصے اور کہانیاں سنا رہے تھے اور ان کی کہانیوں اور قصوں کے درمیان ان کی آواز میں کبھی جلال آ جاتا تھا، کبھی رقت طاری ہو جاتی تھی اور کبھی ان دیکھے دشمن کے خلاف نفرت کے شعلے لپکنے لگتے تھے، اس تقریر میں امریکہ، اسرائیل اور ہندوستان کا ذکر بھی تھا اور یوں محسوس ہوتا تھا ان کی خواہش ہے یہ تمام نمازی ابھی اسی جگہ سے اٹھیں گے اور ان تینوں ملکوں کو تباہ کر کے واپس اسی جگہ تشریف لے آئیں گے۔

میں چپ چاپ سر جھکا کر بیٹھا تھا، اس دوران مولوی صاحب کا رخ سخن میڈیا کی طرف چلا گیا اور انہوں نے منبر رسول ﷺ پر بیٹھ کر اعلان فرما دیا میڈیا کے لوگ کرپٹ ہیں، یہ لوگ امریکہ اور اسرائیل کے جاسوس بھی ہیں اور یہ اس ملک میں فحاشی اور عریانی بھی پھیلا رہے ہیں، ایک بج کر پینتالیس منٹ مولوی صاحب کا خطاب ختم ہوا، اس کے بعد جمعہ کے مناسک شروع ہو گئے، نماز ختم ہوئی تو نمازیوں نے صفوں کے درمیان، دروازے کے پیچھے، کھڑکیوں کے پٹوں کے نیچے اور سیڑھیوں کے کونوں سے جوتے نکالنے شروع کر دیئے اور دہلیز تک بکھرے سلیپروں، چپلیوں اور بوسیدہ جوتوں پر پاؤں رکھتے ہوئے مسجد سے باہر دوڑنے لگے، نمازیوں کی ٹھوکروں سے جوتے فٹ بال کی طرح مسجد کی دیواروں سے ٹکرانے لگے، نمازی مسجد سے نکلتے ہوئے ایک دوسرے کو کہنی بھی مار رہے تھے، دھکے دے رہے تھے اور دوسرے نمازیوں کے سامنے سے بھی گزر رہے تھے اور زور زور سے قہقہے بھی لگا رہے تھے، میں بھی اس ہجوم میں شامل تھا، مسجد کی دہلیز پر پہنچ کر میں نے خود سے پوچھا اس مسجد میں نماز تو تھی لیکن اسلام کہاں تھا؟ میں اپنے سوال پر خود ہی شرمندہ ہو گیا اور چپ چاپ باہر آ گیا۔

مسجد اللہ کا گھر اور اسلام کی شناخت ہے، نبی اکرم ﷺ نے مدینہ تشریف لا کر سب سے پہلے مسجد تعمیر کی تھی، آپ ﷺ اور آپ کے صحابہؓ کا زیادہ تر وقت بھی مسجد نبوی ﷺ ہی میں گزرتا تھا۔ یہ دونوں چیزیں اسلام میں مسجد کی اہمیت کو ثابت کرتی ہیں لہٰذا ہمیں اسلامی معاشرے میں کسی جگہ اسلام دکھائی دے یا نہ دے لیکن مسجد میں پورے کا پورا اسلام ضرور دکھائی دینا چاہئے کیونکہ ہم اگر مسجد میں اسلام نافذ نہیں کر سکیں گے تو پھر ہم معاشرے کو بھی اسلامی بنانے میں ناکام ہو جائیں گے۔ اسلام دنیا کا واحد مذہب ہے جس نے صفائی کو آدھا ایمان قرار دیا تھا لیکن بدقسمتی سے ہمیں اپنی مسجدوں میں اتنی صفائی نظر نہیں آتی جتنی یہودیوں کے سینا گوگا اور عیسائیوں کے چرچوں میں ہوتی ہے، آپ کسی چرچ، کسی سینا گوگا کا وزٹ کر لیں آپ کو ان دونوں میں صفائی، ستھرائی اور سلیقہ دکھائی دے گا چنانچہ میری اہل ایمان اور دینی طبقے سے دست بستہ درخواست ہے آپ مسجدوں کو صفائی کا سمبل بنا دیں، ہمارے وضو خانوں اور استنجا خانوں کا ڈیزائن پانچ سو سال پرانا ہے، یہ ڈیزائن مغلوں نے اپنے دور میں متعارف کرایا تھا، دنیا تبدیل ہو چکی ہے، اس وقت ملک میں لاکھوں کی تعداد میں ''آرکیٹیکٹس بھی ہیں، کیا ہمارے ملک کے آرکیٹیکٹس جدید تقاضوں کے مطابق نئے وضو خانے اور استنجا خانے ڈیزائن نہیں کر سکتے اور اپنے یہ ڈیزائن پورے ملک کی مساجد کو نہیں بھجوا سکتے جنہیں دیکھ کر مخیرّ حضرات نئے وضو خانے اور استنجا خانے تعمیر کروا سکیں۔ پاکستان کے تمام فائیو سٹار ہوٹلز اور کلبز کے واش رومز میں رومال سائز کے تولئے رکھے جاتے ہیں، گاہک ہاتھ دھونے کے بعد یہ تولئے استعمال کرتے ہیں اور ٹوکری میں پھینک دیتے ہیں، ہوٹل اور کلب کا عملہ شام کو یہ تمام تولئے لانڈری میں چھوڑ آتے ہیں، یہ تولئے دھوئے جاتے ہیں اور سوکھا کر دوبارہ واش رومز میں رکھ دیئے جاتے ہیں، اس تولئے کی قیمت پانچ سے دس روپے ہوتے ہیں اور یہ عموماً چھ ماہ تک چل جاتا ہے، کیا ہم یہ سسٹم اپنی مسجدوں میں متعارف نہیں کرا سکتے۔ مخیرّ حضرات پانچ، چھ سو تولئے خرید کر مسجدوں میں رکھوا دیں، نمازی وضو کے بعد ان تولیوں کے ساتھ ہاتھ، منہ اور پاؤں صاف کریں، شام کو یہ تولئے لانڈری میں چلے جائیں اور دھل کر واپس مسجد میں آ جائیں، لانڈری کا بل بھی مخیرّ حضرات ادا کریں، ویسے میں حیران ہوں لوگ مسجدوں میں وضو کیوں کرتے ہیں؟ یہ لوگ گھروں اور دفتروں سے وضو کر کے مسجد کیوں نہیں آتے، اس سے یہ بھی زحمت سے بچ جائیں گے اور دوسرے نمازی بھی۔ پاکستان کی تمام مسجدوں میں جوتوں کے باقاعدہ ریکس ہونے چاہئیں اور کسی شخص کو مسجد کے اندر جوتا لے جانے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے۔ آپ ریکس کی ترتیب اور حفاظت کے لئے ایک بندہ ملازم رکھیں لیں، مستقل نمازی جوتوں کے لئے کپڑے کی ایک چھوٹی سی تھیلی بنوا لیں، یہ تھیلی گاڑی میں رکھ لیں یا پھر جیب میں ڈال لیں، مسجد میں پہنچ کر جوتے اس تھیلی میں ڈالیں اور ریک میں رکھ دیں، اس سے آپ کے جوتے بھی گندے نہیں ہوں گے، فرش بھی گندا نہیں ہو گا اور مسجد کا تقدس بھی برقرار رہے گا، مسجد کی صفائی کے لئے باقاعدہ عملہ ہونا چاہئے، مخیرّ حضرات سینٹری ورکرز رکھیں جو مشینوں کے ساتھ مسجد کی صفائی کریں، مسجد کے اندر ائر فریشنر اور خوشبودار موم بتیاں جلائی جائیں تا کہ مسجد کی فضا معطر رہے، مسجد کے اندر آنے اور جانے کے راستے الگ ہونے چاہئیں تا کہ مسجد میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت نمازی ایک دوسرے سے نہ ٹکرائیں، صفوں تک پہنچنے اور صفوں سے نکلنے کے راستے بھی الگ ہونے چاہئیں تا کہ مسجد میں ایک ترتیب اور ڈسپلن نظر آئے، مسجدوں کے سامنے پارکنگ ضرور ہونی چاہئے، آپ کو نماز کے وقت ہر مسجد کے سامنے گاڑیاں، موٹر سائیکلیں اور سائیکلیں دکھائی دیتی ہیں، یہ گاڑیاں گزرنے والوں کے لئے زحمت کا باعث بھی بنتی ہیں، مسجد رحمت کا دروازہ ہے چنانچہ اسے دوسروں کے لئے زحمت نہیں بننا چاہئے۔ موذن اور امام صاحب کو وقت کا خصوصی خیال رکھنا چاہئے، بزرگوں اور مریضوں کے لئے بھی تلاوت اور لمبے سجدے بعض اوقات مسائل پیدا کر دیتے ہیں، زیادہ دیر تک سجدے میں رہنے سے دمے کے مریضوں کی سانس اکھڑ جاتی ہے چنانچہ اگر سجدے اور تلاوت کو مختصر کر لیا جائے تو یہ بوڑھوں اور مریضوں پر مہربانی ہو گی۔ نمازی مسجد میں آنے سے پہلے دانت صاف کر لیں یا پھر منہ میں حلق صاف کرنے والی گولی رکھ لیں تو اس سے دوسرے نمازی بھی زحمت سے بچ جائیں گے اور نماز کے دوران کھانسی، چھینکوں اور کھنگار کی آوازیں بھی نہیں آئیں گی، آپ نے نماز کے دوران اکثر نمازیوں کو کھانستے اور کھنگارتے دیکھا ہو گا، یہ آوازیں نماز کی یکسوئی کو بھی توڑتی ہیں، مسجد کی فضا کو بھی خراب کرتی ہیں اور انسان کی جمالیات پر بھی گراں گزرتی ہیں۔

مسجد اللہ کا گھر ہے اور اللہ کے گھر میں اختلاف، نفرت اور دشمنی کی بات نہیں ہونی چاہئے میری علمائے کرام سے درخواست ہے آپ مسجد کے منبر کو مذہبی اختلافات، معاشرے کے طبقوں اور ممالک کے درمیان نفرت پھیلانے اور لوگوں کو کرپٹ ثابت کرنے کے لئے استعمال نہ کریں، ہم اس پلیٹ فارم کو اچھائی کی ترویج کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں، آپ لوگوں کے دلوں کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑیں، نئی معلومات دیں اور اچھائی کی تحریک دیں، پوری دنیا میں کلیساؤں اور سینا گوگا کی جنرل باڈی ہے۔ ہم اس ملک میں مساجد کی جنرل باڈی کیوں نہیں بناتے، علمائے کرام کا ایک بورڈ بنے، یہ بورڈ مساجد کے انتظامات دیکھے، مساجد کے لئے ماہرین تعمیرات سے شاندار ڈیزائن بنوائے جائیں اور ملک میں جس جگہ مسجد بنے یہ بورڈ اسے ڈیزائن بھی دے اور تکنیکی امداد بھی۔ یہ بورڈ مساجد کے لئے عملہ بھرتی کرے اور مساجد میں ترتیب اور نظام کا خیال بھی رکھے کیونکہ ہم اگر اپنی مسجدوں کو خوبصورت اور آرام دہ نہیں بنا سکتے۔ ہم اگر مسجدوں کے اندر اسلام نافذ نہیں کر سکتے اور ہم اگر مسجدوں کو آئیڈیل شکل نہیں دے سکتے تو پھر ہم معاشرے میں کبھی اسلام نافذ نہیں کر سکیں گے۔ مسجدوں میں گند پھیلانے والے لوگ معاشرے کا گند کبھی صاف نہیں کر سکتے۔

(روزنامہ ایکسپریس 3/ اپریل 2011ء)

رسول کریم ﷺ کا طریقہ انقلاب

قرآن وسنت کی روشنی میں

جناب قاضی حسین احمد لکھتے ہیں۔

ایک صاحب نے بڑی بے چینی کے عالم میں مجھے ٹیلیفون کیا کہ ایک عیسائی پادری نے قرآن کریم جلانے کی جو شرمناک حرکت کی ہے اس کے مقابلے میں کیا ہمیں جہاد نہیں کرنا چاہئے تو میں نے یہی جواب دیا کہ جہاد کا جو طریقہ حضور نبی کریم ﷺ نے اختیار کیا تھا اسی طریقے پر عمل کر کے دنیا کو اس طرح کی قابل نفرت حرکتوں سے پاک کیا جا سکتا ہے۔

ہمیں بنی انسان کے دلوں میں قرآن کی

عزت پیدا کرنی ہے تو خود اپنے معاشرے کو اس کے مطابق ڈھالنے کے لئے لمبے عرصے کی منصوبہ بندی اور مسلسل محنت کرنی پڑے گی۔ امام مالک کا قول ہے۔

لایصلح اخر ھذہ الامۃ الا ما اصلح اولھا

مجموعہ فتاویٰ ابن تیمیہؒ کا یہ قول نقل کیا گیا ہے۔ اس امت کی آخر کی اصلاح بھی اسی طریقہ سے ہی ممکن ہوگی جس نے اس امت کے لئے پہلے لوگوں کی اصلاح کی۔ امت کے لئے حضور نبی کریم ﷺ ہی بہترین نمونہ ہیں۔

"یقیناً تمہارے لئے رسول اللہؐ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے ان لوگوں کے لئے جو اللہ کو راضی کرنا چاہتے ہیں اور جو آخرت کی کامیابی کے طلبگار ہیں اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتے ہیں۔"

قرآن کریم کی متعدد آیات میں امت مسلمہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ جس طرح حضور نبی کریم ﷺ نے امت مسلمہ کی تشکیل کی اور اسلام کے دین کو دوسرے تمام نظاموں کے مقابلے میں بالادست بنایا اسی طرح ان کا بھی فرض ہے کہ پوری انسانیت کو اس دین کے ذریعے آپس میں جوڑ کر عدل وانصاف کا بول بالا کر دیں۔

"اور ہم نے تمہیں عدل وانصاف کی علمبردار امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بن جاؤ اور حضور نبی کریم ﷺ تمہارے اوپر گواہ ہوں گے۔"

تمام انبیاء کو اللہ کی طرف سے ایک ہی دین اسلام کی دعوت پر مامور کیا ہے۔ جس کی بنیاد توحید کے عقیدے پر ہے۔

"تمہیں اسی دین کے راستہ پر چلنے کی تلقین کی گئی ہے جس کی وصیت ہم نے نوح علیہ السلام کو کی تھی۔ اسی کی وحی تمہیں کی گئی ہے۔ اس کی وصیت ہم نے ابراہیم علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کو کی تھی اور ہم نے یہ تلقین کی ہے کہ دین کو قائم کرو' اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو'

امت مسلمہ کے اسی فریضہ کو 'فریضہ اقامت دین' کی اصطلاح سے تعبیر کیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں اسی فریضہ کو 'اعلائے کلمۃ اللہ' 'اظہار دین' اور نظام قسط اور عدل' کی اصطلاحات سے بھی واضح کیا گیا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ رب العالمین کا ارشاد ہے:

"یقیناً ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان بھیجی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہو جائیں۔"

(روزنامہ جنگ 2 اپریل 2011ء)

قیامت کیا ہوگی............!

طیبہ ضیاء چیمہ اپنے کالم مکتوب امریکہ میں لکھتی ہیں۔

ایک کمزور چڑیا بھی اپنے بچے کی جان بچانے کے لئے باز پر جھپٹ پڑتی ہے مگر سونامی سے لڑنا انسان کے بس میں نہیں۔ آزاد کشمیر کے قیامت خیز زلزلے کی زد میں آنے والے مظلوموں کی آہ وبکا بھی آج تک سنائی دے رہی ہے۔ منوں وزنی پتھروں تلے زندہ دفن معصوم بچے "ماں...... ماں" پکارتے ہوئے خاموش ہو گئے۔ ان شہیدوں کی صدائیں آج بھی وادیوں سے ٹکرا کر لوٹ آتی ہیں۔ پاکستان میں حالیہ سیلاب میں بہہ جانے والوں کی چیخ وپکار بھی ہولناک یادیں چھوڑ گئی ہے۔ امریکہ کے طوفانوں کا غصہ ابھی تک ٹھنڈا نہیں ہوا۔ امریکہ کے جنوبی علاقوں کے ساحل ناراض رہتے ہیں نہ جانے کب غضب ڈھا دیں۔ دنیا میں انقلاب مسلسل رونما ہو رہے ہیں۔ اوپر تلے آفات نازل ہو رہی ہیں۔ روز اول سے ایسا ہوتا چلا آ رہا ہے مگر جب یہ تباہیاں اور تبدیلیاں اپنی آنکھوں سے دیکھیں تو لگتا ہے پہلی بار ہوا ہے۔ یہی وہ نقطہ ہے جس پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہے کہ بندے میری نشانیوں اور واقعات کو 'پہلے لوگوں' کی کہانیاں سمجھ کر کتاب بند کر دیتے ہیں۔ میری تنبیہات کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور جب ایسا کوئی غضب ان کے دور میں نازل ہو جائے تو اس میں عقلی تاویلیں اور علمی دلیلیں تلاش کرنے لگتے ہیں۔ حقیقت انتہائی تلخ ہے۔ کائنات کو ایک نہ ایک دن اس صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے گا بڑی قیامت سے پہلے چھوٹی چھوٹی قیامتیں رونما ہونا شروع ہو جائیں گی۔ جاپان میں زلزلہ، سونامی اور آگ کو چھوٹی قیامت تصور کر لیا جائے تو بڑی قیامت کیا ہوگی............؟

(نوائے وقت مورخہ 18 مارچ 2011 صفحہ 3)

مسجد نبوی مدینہ منورہ

جناب ڈاکٹر حسین احمد پراچہ لکھتے ہیں۔

میں ہوٹل کے کمرے کی کھڑکی کے پاس بیٹھا ہوں اور مسجد نبوی کے گیارہ کے گیارہ مینار مجھے نظر آ رہے ہیں۔ آج اس مسجد اور اس کے صحن اور چھت پر کم وبیش دو لاکھ نمازی بیک وقت نماز ادا کر سکتے ہیں۔ مسجد نبوی کے صحن پر برقی چھتریوں سے سایہ کیا گیا ہے۔ ان خوبصورت چھتریوں کو حسب ضرورت کھولا اور بند کیا جا سکتا ہے۔

مسجد کی عمارت اسلامی طرز تعمیر کا ایک نادر نمونہ ہے۔ دنیا کی ساری مساجد میں بالعموم صفیں بچھائی جاتی ہیں مگر مسجد نبوی میں دیدہ زیب اور انتہائی دبیز قسم کے قالین بچھوائے گئے ہیں۔ ذرا دنیا کی پہلی اسلامی ریاست کی مسجد کا نقشہ ذہن میں لائیے۔ جب جناب محمد مصطفیٰ ﷺ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو اہل مدینہ کے لئے وہ دن ان کی زندگیوں کا سب سے پُرمسرت دن تھا۔ صحیح بخاری کی روایت کے مطابق آنحضورؐ کی سواری مدینہ منورہ میں اس مقام پر آ کر رکی بیٹھ گئی جہاں اب مسجد نبوی ہے۔ یہ جگہ سہیل اور سہل دو یتیم بچوں کی ملکیت تھی جب اونٹنی وہاں بیٹھ گئی تو آپؐ نے فرمایا انشاء اللہ یہی قیام کی جگہ ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے دونوں یتیم بچوں کو بلایا اور ان سے جگہ مسجد کی تعمیر کے لئے بات کی۔ دونوں نے کہا کہ یا رسول اللہ ہم مسجد کی تعمیر کے لئے یہ جگہ آپ کو ہبہ کریں گے۔ آپ نے ہبہ کے طور پر اس قطعہ ارض کو قبول کرنے سے انکار کیا۔ بلکہ زمین کی قیمت ادا کر کے لی اور وہیں مسجد کی تعمیر کی۔ اس تعمیر کے وقت خود حضور اکرمؐ صحابہؓ کے ساتھ اینٹیں ڈھونے میں شریک تھے۔ اینٹیں ڈھونے کے وقت حضور یہ فرماتے جاتے تھے۔ کہ یہ بوجھ خیبر کے بوجھ نہیں ہیں بلکہ اس کا اجر وثواب اللہ کے یہاں باقی رہنے والا ہے حضرت عائشہؓ کی روایت کے مطابق مسجد نبویؐ شریف کا سنگ بنیاد سردار دو عالمؐ نے اپنے دست اطہر سے نصب فرمایا۔ مسجد نبوی کی پہلی تعمیر کا حدود اربعہ 105 فٹ تھا مسجد کے تین دروازے تھے اور چھت نہ تھی، مسجد کے شمال مشرقی کونے میں اصحاب صفہ کا چبوترہ تعمیر کیا گیا تھا۔ شروع میں مسجد نبوی چھت کے بغیر صرف دیواروں پر مشتمل تھی۔ پھر صحابہ نے چھت کی تعمیر کے لئے دربار نبوت ﷺ سے اجازت چاہی۔ آپ نے اجازت مرحمت فرما دی۔ اس طرح 8 ہجری میں کھجور کی شاخوں اور اذخر گھاس وغیرہ کی چھت ڈال دی گئی۔ کتنی سادہ تھی اور وہ مسجد اور یہی مسجد عبادت گاہ بھی تھی۔ پارلیمنٹ ہاؤس بھی تھی، چیف ایگزیکٹو کا سیکرٹریٹ بھی تھی اور جی ایچ کیو بھی تھی۔ آج مسجد کا مجموعی رقبہ 82000 مربع میٹر پر مشتمل ہے۔

(نوائے وقت مورخہ 29 جنوری 2011ء)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

ہائی بلڈ پریشر وجوہات اور طریقہ علاج

بلند فشار خون یا ہائی بلڈ پریشر کے جسم پر منفی اثرات کے بارے میں اکثر بات کی جاتی ہے۔ لیکن آپ یہ بات بھی جاننا چاہتے ہوں گے کہ ہائی بلڈ پریشر کی وجوہات کیا ہیں۔

جب ہائی بلڈ پریشر کے حامل بیشتر افراد کو اس کی وجہ معلوم نہیں ہوتی تو اسے Primary Hypertension کہتے ہیں۔ اس بیماری پر جاری تحقیق کے باوجود اب تک صورت حال یہ ہے کہ ہائی بلڈ پریشر کے شکار نوے فیصد افراد میں اس مرض کا کوئی واضح سبب معلوم نہیں ہو سکا اور 35 سال کی عمر کے بعد اس بیماری میں مبتلا ہونے والے بیشتر لوگ اسی زمرے میں آتے ہیں۔ تاہم موروثی عوامل بھی اس کے اسباب میں سے ایک ہو سکتے ہیں۔ اس لئے اگر آپ کے والدین، بہن بھائیوں میں سے کوئی اس مرض کا شکار رہا ہے تو آپ میں ایسے عوامل نہ رکھنے والے دوسرے افراد کے مقابلے میں ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہونے کے امکانات زیادہ ہوں گے۔ لیکن ان موروثی رجحانات کے باعث مرض کے امکان میں اضافہ کرنے والے بیشتر عوامل کا تعلق غذا اور طرز زندگی سے بھی ہے جس میں وزن کا زیادہ ہونا، پرتعیش اور آرام دہ زندگی، کھانے کی غیر صحت مندانہ عادتیں اور نمک کا زیادہ استعمال شامل ہیں۔

ایسا بہت کم ہی ہوتا ہے کہ ہائی بلڈ پریشر کی وجوہ کی نشاندہی ہو سکے۔ یہ نشاندہی اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب کوئی فرد کم عمری میں ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہو۔ ایسی صورت میں ہائی بلڈ پریشر کی وجوہ میں گردے کی بیماریاں، گردے کو جانے والی شریانوں کا سکڑنا اور جسم میں ہارمون پیدا کرنے والے غدودوں کی خرابی کا ہونا شامل ہوتا ہے ان تمام بیماریوں کا علاج ممکن ہے اور ان تمام علامات کی بعض سادہ سے ٹیسٹوں، جسمانی معائنے اور مریض کی کیس ہسٹری کے جائزے سے تصدیق کی جاسکتی ہے جبکہ بعض اوقات کچھ خصوصی ٹیسٹ بھی ضروری ہو جاتے ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر بعض اوقات کسی دوا کے زیر اثر بھی ہو سکتا ہے۔ سر درد، جسم میں درد یا ایسی ہی کیفیات میں عام طور پر لی جانے والی گولیاں بھی ایسے لوگوں کا بلڈ پریشر بڑھا سکتی ہیں، جس میں اس کا رجحان موجود ہو۔ اس لئے اپنے فیملی ڈاکٹر کو ہمیشہ کسی بھی دوا یا نباتاتی شے کے استعمال کے بارے میں ضرور مطلع کریں۔

کیونکہ بلڈ پریشر کے مرض کے بارے میں علم اور اس کا مناسب اور موثر علاج آپ کی صحت کے لئے بہت اہم ہے اور اسی لئے بلڈ پریشر کا باقاعدہ معائنہ اور علاج بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ اس سے قطعاً تساہل نہیں برتنا چاہئے۔ ورنہ اس کے سنگین نتائج بھی برآمد ہو سکتے ہیں۔

احباب جماعت کو چاہئے کہ وہ اپنی صحت کی طرف خصوصی توجہ دیں اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو لمبی صحت والی فعال زندگی عطا کرے اور خدمت خلق اور خدمت دین کی زیادہ سے زیادہ توفیق دے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 106262 میں تہمینہ سرور

بنت محمد سرور قوم شیخ پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی خلیل ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-03-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔تہمینہ سرور گواہ شد نمبر 1 راجہ محمد عبداللہ خان وصیت 30954 گواہ شد نمبر 2 اللہ یار ناصر ولد علی محمد

مسل نمبر 106263 میں عبدالحمید

ولد عبدالرحیم قوم...... پیشہ سیلزمین عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی خلیل ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-03-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) مشترکہ رہائشی مکان برقبہ 10 مرلے واقع دارالعلوم غربی خلیل ربوہ اندازاً مالیت-/30,00,000 روپے (حصہ دران میں شامل تین بھائی اور تین بہنیں شامل ہیں) (2) ایک عدد موٹر سائیکل اندازاً مالیت-/18000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/5000 روپے ماہوار بصورت سیلزمین مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔عبدالحمید گواہ شد نمبر 1 راجہ محمد عبداللہ خاں وصیت 30954 گواہ شد نمبر 2 شہزاد اختر وصیت 92034

مسل نمبر 106264 میں جری اللہ جنبہ

ولد چوہدری ظفراللہ خان طاہر قوم جنبہ جٹ پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالبرکات ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-21 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد جری اللہ جنبہ گواہ شد نمبر 1 کاشف نذیر وصیت 40830 گواہ شد نمبر 2 لقمان مجید وصیت 50945

مسل نمبر 106265 میں صبیح اللہ جنبہ

ولد چوہدری ظفراللہ خان طاہر قوم جٹ جنبہ پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالبرکات ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-21 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔صبیح اللہ جنبہ گواہ شد نمبر 1 کاشف نذیر وصیت 40830 گواہ شد نمبر 2 کاشف شہزاد وصیت 40042

مسل نمبر 106266 میں اسامہ صدیق

ولد محمد صدیق ضیاء قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالبرکات ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-02-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔اسامہ صدیق گواہ شد نمبر 1 مقبول احمد وصیت 93807 گواہ شد نمبر 2 مودود الٰہی وصیت 47685

مسل نمبر 106267 میں کامران مظفر

ولد مظفر احمد قوم شیخ پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔کامران مظفر گواہ شد نمبر 1 سید عثمان احمد ولد سید مسعود احمد گواہ شد نمبر 2 صغیر احمد ولد شیر محمد

مسل نمبر 106268 میں ثمر دانیال

ولد لیاقت علی قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-31 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ثمر دانیال گواہ شد نمبر 1 صغیر احمد ولد شیر محمد گواہ شد نمبر 2 عزیز احمد ولد مجید احمد

مسل نمبر 106269 میں نبیل خالد

ولد خالد محمود قوم ہرل پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-21 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔نبیل خالد گواہ شد نمبر 1 راشد علیم ولد عبدالشکور گواہ شد نمبر 2 صغیر احمد ولد شیر محمد

مسل نمبر 106270 میں محمد انصر سعید

ولد بشیر احمد سعید قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔محمد انصر سعید گواہ شد نمبر 1 راشد علیم ولد عبدالشکور گواہ شد نمبر 2 صغیر احمد ولد شیر محمد

مسل نمبر 106271 میں عادل محمود

ولد عبدالماجد خان عرف یاسین قوم غوری پٹھان پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-02-03 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/250 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔عادل محمود گواہ شد نمبر 1 عزیز احمد بلال ولد مجید احمد گواہ شد نمبر 2 صغیر احمد ولد شیر محمد

مسل نمبر 106272 میں ثوبان احمد

ولد بشارت احمد قوم مغل پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-02-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ثوبان احمد گواہ شد نمبر 1 عزیز احمد بلال ولد مجید احمد گواہ شد نمبر 2 صغیر احمد ولد شیر محمد

مسل نمبر 106273 میں عامر محمود خان

ولد عبدالماجد خان عرف یامین قوم غوری پٹھان پیشہ طالبعلم عمر...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی طاہر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-02-03 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ عامر محمود خان گواہ شد نمبر 1 صغیر احمد ولد شیر محمد گواہ شد نمبر 2 عزیز احمد بلال ولد مجید احمد

مسل نمبر 106274 میں عاطف منصور

